ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

سندھ پولیس کو ہائی الرٹ رہنے کے احکامات۔
عوام افواہوں پر کان نہ دھریں۔ آئی جی سندھ

حیدرآباد نسیم نگر واقعہ کی تفیش کے لیئے ایس پی ہیڈ کوارٹر حیدرآباد کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دیدی گئی ہے۔ غلام نبی میمن

کراچی15جولائی2022ء۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے سندھ پولیس کو اگلے حکم تک ہائی الرٹ کرتے ہوئے ہدایات جاری کی ہیں کہ قانون کی رٹ کے قیام اور شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کے ضمن میں تمام تر اقدامات کو انتہائی ٹھوس اور غیر معمولی بنایا جائے۔یہ ہدایات انہوں نے حیدرآباد نسیم نگر واقعہ کے تناظر میں درج ایف آئی آرز اور گرفتاریوں پر مشتمل رپورٹ کا جائزہ لیتے ہوئے جاری کیں۔

اے آئی جی آپریشنز سندھ کی رپورٹ کے مطابق حیدرآباد واقعہ کے تسلسل میں ضلع حیدرآباد 02، ٹنڈوالہٰ یار01،ٹھٹہ 01،ٹنڈو محمد خان 02،سجاول01 جامشورو01،دادو،01 نوشہرو فیروز01 اور لاڑکانہ میں ہونیوالے ہنگامہ آرائی اور ناخوشگوار واقعات کی مجموعی تعداد 11رہی جن پر 09 ایف آئی آرز کے تحت 40 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔جبکہ کراچی کے اضلاع ایسٹ02 کورنگی01 اور ملیر میں01 سمیت ایسے واقعات کی تعداد04 تھی جن پر 03 ایف آئی آرز کے تحت 50 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔

آئی جی سندھ نے حیدرآباد واقعہ پر ایس پی ہیڈ کوارٹرز حیدرآباد کی سربراہی میں تشکیل دی جانیوالی تفتیشی ٹیم کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وقوعے کے مختلف پہلوؤں اور زاویوں کو پیش نظر رکھ کر تحقیقات کو انتہائی شفاف اور غیرجانبدارانہ بنایا جائے تاکہ متاثرہ خاندان کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے مذید کہا کہ کیس کی تفتیش میں ابتک ہونوالی پیش رفت سے بھی فی الفور آگاہی دی جائے۔

آئی جی سندھ نےکہا کہ مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث ملزمان/عناصر کے خلاف منظم اور بھرپور ایکشن لیا جائے جبکہ امن وامان کے قیام اور آپس میں بھائی چارگی کی فضاء کے فروغ کے سلسلے میں اس علاقہ معززین، مختلف کمیونٹیز علماء،زاکرین سمیت مذہبی قائدین کے کردار کو باہم روابط کے تحت مؤثر اور کامیاب بنایا جائے۔تاکہ ممکنہ کشیدگی جیسی صورتحال اور فریقین کے مابین ثالثی کے عمل کو یقینی بنایا جاسکے۔

ان کا کہنا تھا کہ علاقوں میں مجرمانہ سرگرمیوں کے یقینی روک تھام کے ساتھ ساتھ کاروباری اداروں اور تاجر برادری کی حفاظت جیسے اقدامات بھی اٹھائے جائیں۔آئی جی سندھ غلام نبی میمن نے عوام سے اپیل کی ہیکہ وہ سڑکوں/مارکیٹوں/کاروبار کی بندش وغیرہ کے حوالے سے افواہوں پر ہر گز کان نہ دھریں۔

انہوں نے کہا کہ افواہوں کے سدباب اور حوصلہ شکنی کے لیئے متعلقہ پولیس میڈیا سے باہم روابط کو نا صرف یقینی بنائے بلکہ امن وامان کے قیام جیسے اقدامات میڈیا سے شیئر کریں تاکہ شہریوں کو حقائق سے آگاہ رکھا جاسکے۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

ٹکرزبرائے الیکٹرانک میڈیا

کراچی15جولائی2022؛۔

- حیدرآباد نسیم نگر واقعہ کے تناظر میں ایس پی ہیڈکوارٹرز حیدرآباد کی سربراہی میں تفتیشی ٹیم تشکیل دیدی گئی ہے۔ آئی جی سندھ
- وقوعے کی تفتیش کو ہر لحاظ سے شفاف اور غیرجانبدارانہ بنایا جائے۔ آئی جی سندھ

- حیدرآباد واقعہ کے تسلسل میں ضلع حیدرآباد02،ٹنڈوالہٰ یار01،ٹھٹہ01،ٹنڈو محمد خان02، سجاول01جامشورو 01،دادو،01 نوشہرو فیروز01 اورلاڑکانہ میں ہنگامہ آرائی اور ناخوشگوار واقعات کی مجموعی تعداد 11رہی جن پر 09 ایف آئی آرز کے تحت 40 ملزمان کو گرفتار کیا گیاجبکہ کراچی کے اضلاع ایسٹ02 کورنگی01 اور ملیر میں 01 سمیت ایسے واقعات کی تعداد04 تھی جن پر 03 ایف آئی آرز کے تحت 50 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ اے آئی جی آپریشنز سندھ

- سندھ کے مختلف تھانہ جات میں مجموعی طور پر12 ایف آئی آرز کے تحت 90 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ رپورٹ
- صوبائی سطح پر پولیس کا مجرمانہ سرگرمیوں میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ غلام نبی میمن

- علاقہ اور اسکے اطراف میں مجرمانہ سرگرمی کی روک تھام کے ساتھ ساتھ کاروباری اداروں کو بھی تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔آئی جی سندھ
- پولیس قیام امن اور آپس میں بھائی چارگی کے فروغ کے لیئے تمام تر کاوشوں کو یقینی بنارہی ہے۔آئی جی سندھ

- علاقوں میں موجود دونوں اطراف کی کمیونٹیز اور انکے قائدین کشیدگی کو کم کرنے اور ثالثی کے لیئے اپنا کردار بخوبی انجام دے رہے ہیں ۔
- عوام سے اپیل ہیکہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں۔آئی جی سندھ

- افواہوں کی حوصلہ شکنی اور سدباب کے لیئے پولیس میڈیا سے رابطوں میں رہیں۔ غلام نبی میمن
- حالات/واقعات اور قیام امن کے لیئے اٹھائے گئے پولیس اقدامات میڈیا سے شیئر کریں۔آئی جی سندھ

- علاقوں میں موجود علمائے اکرام،مذہبی قائدین،ذاکرین آگے آئیں اور لوگوں میں بھائی چارگی کی اہمیت اور افادیت کی بابت شعور بیدار کریں۔غلام نبی میمن

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-